Overseas Pakistanis' Bungalows
Residents' Welfare Associations

سرکلر نمبر 61

07 اکتوبر 2019

## پانچواں جنرل باڈی اجلاس منعقدہ 05 اکتوبر 2019 بمقام نسیم احمد خان فیملی پارک

پانچواں جنرل باڈی اجلاس اعلان کردہ تاریخ پر یعنی 05 اکتوبر 2019 کو رات ساڑھے نو (09:30) بجے نسیم احمد خان فیملی پارک جناب شیخ عبدالقدوس صاحب کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ تلاوت کلام پاک کرنے کا اعزاز جناب امتیاز صدیقی صاحب نے حاصل کیا۔

جنرل سیکریٹری جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب نے الیکشن کمیٹی کے انتخاب کے لئے نام پیش کئے اور مندرجہ ذیل ناموں پر اتفاق کیا گیا۔

- ☆ جناب اختر علی خان۔ چیئرمین A-9
- ☆ جناب عبداللہ مشتاق۔ ممبر K-6
- ☆ جناب سید نذر علی۔ ممبر L-3

بعدازاں الیکشن کمیٹی کے منتخب ممبر جناب سید نذر علی نے الیکشن شیڈول کا اعلان پڑھ کر سنایا۔ یہ الیکشن شیڈول جس کے مطابق الیکشن 03 نومبر 2019 اتوار کے دن صبح 10:00 بجے سے شام 06:00 بجے تک منعقد ہونگے کی تفصیل مکینوں کو جاری کی جا رہی ہے۔

آخر میں صدر جناب شیخ عبدالقدوس نے مختصر اختتامی خطاب کیا اور تلقین کی کہ ہم سب ایک ساتھ رہتے ہیں لہذا پڑوسی ہونے کے ناتے محبت اور خلوص کا برتاؤ ایک دوسرے کے ساتھ رکھنا چاہئے۔ مزید کہ حاضرین میں موجود ایک خاتون ممبر نے اعتراض کیا کہ ڈیفالٹر کو اجلاس میں شرکت اور بات کرنے کا کوئی حق نہیں ہونا چاہئے۔

آخر میں اجلاس کے اختتام سے قبل حاضرین کو مشروب پیش کیا گیا اور اجلاس کے بعد لوگ آپس میں گھل مل گئے۔

شکریہ

حبیب الرحمٰن خان
جنرل سیکریٹری